© rasailojaraid.com

عبداللہ بن عمرؓ نے اپنی بیوی کو حیض کی حالت میں ایک طلاق دے دی۔ تو حضرت عمرؓ نے یہ واقعہ نبی ﷺ کو بتایا۔ تو آپؐ نے فرمایا کہ عبداللہ کو حکم دو کہ وہ اپنی بیوی سے رجوع کرلے پھر اس کو طلاق دے جبکہ وہ حیض سے پاک ہو جائے یا پھر وہ اگر حاملہ ہے۔

اور حاملہ عورت کی عدت خاوند کے رجوع نہ کرنے کی صورت میں وضع حمل (بچہ جننے) تک ہے۔

جیسا کہ قرآن مجید میں آیا ہے: ﴿وأولات الاحمال أجلهن أن يضعن حملهن﴾ (سورۃ الطلاق: ۴)

یعنی حاملہ عورتوں کی عدت وضع حمل (بچہ جننے) تک ہے۔ خواہ عورت مطلقہ ہو یا اس کا خاوند فوت ہو چکا ہو۔ تو ایسی صورت میں اس عورت کو وضع حمل (بچہ جننے) کے بعد کسی بھی آدمی سے نکاح کرنے کا اختیار ہے۔

## عظیم الشان سیرت شافع محشر ﷺ کانفرنس

مورخہ 15 اپریل بمطابق 24 صفر بروز جمعرات بعد نماز عشاء مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث جہلم میں فقید المثال سیرت شافع محشر ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی منعقد ہوئی۔ کانفرنس کے مہمان خصوصی حکیم حافظ عبدالرزاق سعیدی صاحب مہتمم جامعہ رحمانیہ منڈی فاروق آباد تھے۔ جبکہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق صاحب نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس کا آغاز قاری حبیب الرحمٰن صاحب کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ شاعر اسلام قاری سلیم اللہ مدنی صاحب نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ بعد ازیں کانفرنس سے شیر پنجاب مولانا منظور احمد صاحب، مناظر اسلام مولانا عبداللہ نثار صاحب، مولانا عبدالرشید حجازی صاحب، مولانا کاشف نواز رندھاوا صاحب، مولانا سید عبدالغفور شاہ صاحب مولانا سید سبطین شاہ نقوی صاحب اور مولانا عبدالمحسن نثار صاحب نے خطاب کیا۔ اس مبارک موقع پر وفاق المدارس السلفیہ پاکستان میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں انعامات تقسیم کئے۔ ان طلباء میں سے ثانویہ عامہ میں محمد قاسم مدنی نے اول جبکہ عکاشہ مدنی نے دوم پوزیشن حاصل کی۔ اس کے علاوہ انعامات لینے والے طلبہ میں نوید امجد، محمد رضوان صدیقی، عبدالخالق، عثمان غنی، عمر فاروق، محمد قاسم مدنی، عکاشہ مدنی، اسد عبدالغفور، محمد منصور، محمد رضوان، محمد عمران، طاہر مقبول اور محمد شمعون ہیں۔ یہ انعامات مکتبہ دارالسلام کی طرف سے دیئے گئے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# نتائج ششماہی امتحانات جامعہ علوم اثریہ

سابقہ روایات کے مطابق امسال بھی جامعہ علوم اثریہ جہلم کے زیر اہتمام ششماہی امتحانات بتاریخ 28 اپریل 2004ء بمطابق 7 ربیع الاول 1425ھ بروز بدھ وار کو شروع ہوئے اور بتاریخ 6 مئی 2004ء بمطابق 15 ربیع الاول 1425ھ بروز جمعرات اختتام پذیر ہوئے۔

جس میں قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ کا نتیجہ 97 فیصد رہا اور شعبہ التحفیظ للقرآن الکریم کا نتیجہ 100 فیصد رہا۔ جبکہ قسم قراءۃ القرآن الکریم نظراً کے طلباء کا امتحان شروع ہو چکا ہے۔ اس کے نتیجہ کا اعلان امتحانات کے مکمل ہونے کے بعد کر دیا جائے گا۔ ان شاء اللہ

## شعبہ کتب میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

اول: نوید امجد، محمد طاہر  ثانی: عبدالخالق  ثالث: ذبیح الرحمٰن، عکاشہ مدنی

## اپنی اپنی کلاس میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

| نمبر | نام | جماعت | مضامین | کل نمبر | حاصل کردہ نمبر | پوزیشن |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ذبیح الرحمٰن | ثانیہ عالیہ | 13 | 520 | 503 | اول |
| 2 | عبدالوکیل | ثانیہ عالیہ | 13 | 520 | 502 | دوم |
| 3 | محمد زکریا | ثانیہ عالیہ | 13 | 520 | 497 | سوم |
| 4 | لقمان حکیم | ثانیہ عالیہ | 13 | 520 | 497 | سوم |
| 5 | نوید امجد | اولیٰ عالیہ | 13 | 520 | 510 | اول |
| 6 | عبدالمحسن | اولیٰ عالیہ | 13 | 520 | 486 | دوم |
| 7 | شریف اللہ | اولیٰ عالیہ | 13 | 520 | 396 | سوم |
| 8 | عبدالحی | ثالثہ ثانویہ | 13 | 520 | 462 | اول |
| 9 | سعد مدنی | ثالثہ ثانویہ | 13 | 520 | 357 | دوم |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 10 | نجی اللہ | ثالثہ ثانویہ | 13 | 520 | 296 | سوم |
| 11 | عبدالخالق | ثانیہ ثانویہ | 15 | 600 | 584 | اول |
| 12 | عثمان غنی | ثانیہ ثانویہ | 15 | 600 | 554 | دوم |
| 13 | ناصر محمود | ثانیہ ثانویہ | 15 | 600 | 537 | سوم |
| 14 | محمد زکریا | اولیٰ ثانویہ | 13 | 520 | 489 | اول |
| 15 | عبدالرحمٰن | اولیٰ ثانویہ | 13 | 520 | 477 | دوم |
| 16 | محمد کاشف | اولیٰ ثانویہ | 13 | 520 | 472 | سوم |
| 17 | عکاشہ مدنی | ثالثہ متوسطہ | 13 | 520 | 503 | اول |
| 18 | طاہر مقبول | ثالثہ متوسطہ | 13 | 520 | 475 | دوم |
| 19 | محمد عمران | ثالثہ متوسطہ | 13 | 520 | 468 | سوم |
| 20 | محمد ظہیر | ثانیہ متوسطہ | 13 | 520 | 438 | اول |
| 21 | محمد سلیمان | ثانیہ متوسطہ | 13 | 520 | 429 | دوم |
| 22 | حبیب الرحمٰن | ثانیہ متوسطہ | 13 | 520 | 423 | سوم |
| 23 | ساجد مدنی | ثانیہ متوسطہ | 13 | 520 | 423 | سوم |
| 24 | محمد طاہر | اولیٰ متوسطہ (الف) | 13 | 520 | 510 | اول |
| 25 | نوید احمد | اولیٰ متوسطہ (الف) | 13 | 520 | 479 | دوم |
| 26 | نور محمد | اولیٰ متوسطہ (الف) | 13 | 520 | 476 | سوم |
| 27 | مسعود احمد | اولیٰ متوسطہ (ب) | 13 | 520 | 438 | اول |
| 28 | عبداللہ حبیب | اولیٰ متوسطہ (ب) | 13 | 520 | 424 | دوم |
| 29 | عبداللہ امیر | اولیٰ متوسطہ (ب) | 13 | 520 | 306 | سوم |
| 30 | بلال احمد | الصف الإعدادی | 13 | 520 | 489 | اول |
| 31 | عمار | الصف الإعدادی | 13 | 520 | 485 | دوم |
| 32 | نسیم | الصف الإعدادی | 13 | 520 | 452 | سوم |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## شعبہ حفظ میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

اول: حنظلہ اسماعیل ثانی: صبغۃ اللہ، اسامہ مدنی ثالث: محمد وقاص، زاہداللہ، قیام الدین

## شعبہ حفظ میں مختلف حلقات میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| مجموعہ (۱) | اسامہ مدنی، | محمد وقاص، | محمد عثمان |
| مجموعہ (۲) | طلحہ | منصور حسین | شفیق الرحمٰن |
| مجموعہ (۳) | زاہداللہ | عمر اسلم | محمد عبداللہ |
| مجموعہ (۴) | ناصر محمود | | |
| مجموعہ (۵) | حنظلہ | صبغۃ اللہ | فضل اللہ |
| مجموعہ (۶) | قیام الدین | رضوان اللہ | برکت اللہ |
| مجموعہ (۷) | الطاف حسین | عبدالناصر | امیر احمد |

## جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث میں افتتاحی خطبہ جمعہ المبارک

مورخہ 30 اپریل جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث احسان روڈ کالا گوجراں میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب نے افتتاحی خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ موسم کی خرابی کے باوجود عوام الناس نے بھرپور شرکت کی۔ حتیٰ کہ مسجد میں تنگی داماں کا منظر تھا۔

## جامع مسجد السلومی اہل حدیث میں جلسہ سیرت النبیؐ

مورخہ 9 مئی بروز اتوار جامع مسجد السلومی اہل حدیث میں جلسہ زیر صدارت حافظ عبدالحمید عامر صاحب ہوا۔ جس میں مولانا محمد اسلم سلیم صاحب نے خطاب کیا۔

## مولانا محمد اصغر صاحب کو صدمہ

31 مارچ 2004ء مولانا محمد اصغر صاحب مدرس جامعہ علوم اثریہ کے سسر طویل علالت کے بعد انتقال فرما گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں میں مولانا محمد اصغر صاحب نے پڑھائی۔ ابھی چند ہی دن گزرے تھے کہ ان کی نانی محترمہ بھی چل بسیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین



© rasailojaraid.com